13240-انگلش کلمات پر مشتمل لباس کا حکم

سوال

انگلش کلمات پر مشتمل لباس کا حکم کیا ہے، کیونکہ ہمیں علم ہوسکتا ہے وہ کسی غلط اور برے مفہوم پر مشتمل ہو، اور کیا یہ تشبہ اور مشابہت میں داخل ہوتا ہے ؟

پسندیدہ جواب

واجب ہے کہ ہم ان کلمات اور حروف کے
متعلق دریافت کریں عربی کے علاوہ کسی اور زبان میں لکھے ہوئے ہیں (یا کسی بھی
اجنبی زبان جس کا علم نہ ہو میں لکھے ہوں) کیونکہ ہوسکتا ہے وہ کسی غلط اور برے
مفہوم اور معانی پر مشتمل ہوں، اور غیر اخلاق جملہ لکھا ہو.

عربی (یا کسی بھی اجنبی زبان جس کا
معانی معلوم نہ ہو) کے علاوہ کسی بھی زبان میں لکھے ہوئے کلمات پر مشتمل لباس
پہننا اس وقت تک جائز نہیں جب تک اس کے معانی اور مفہوم کو دریافت نہ کرلیا جائے،
کہ یہ الفاظ کیوں لکھے گئے ہیں.

اور یہ یقین نہ کرلیا جائے کہ کہیں
یہ شرف وعزت میں مخل تو نہیں، اور کہیں اس میں کفار کی تعظیم تو نہیں ہے، مثلا
کفار کھلاڑیوں، یا فنکاروں، یا کسی موجد کی تعظیم تو نہیں کہ اس نے کوئی چیز ایجاد
کی ہو اور یہ اس کی تعظیم کرنے لگیں.

اگر تو اس میں کفار کی تعظیم ہوتی ہو
تو پھر انہیں زیب تن کرنا حرام ہے، اور جائز نہیں، اور اگر یہ کلمات کسی اخلاق سے
گرے ہوئے کلمہ اور فحش کلمہ پر مشتمل ہو تو بھی زیب تن کرنا جائز نہیں اس لیے اس
لباس کو زیب تن کرنے سے قبل اس کلمہ کے معانی اور مفہوم کو دریافت کرنا ضروری ہے.

الشیخ ابن عثیمین رحمہ اللہ.